اردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2019ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1-1- ارکانِ استعارہ کتنے ہیں؟

(a) تین ✓ (b) چار

(c) پانچ (d) دو

-2 ''بچہ پھول جیسا ہے'' اس جملے میں ''بچہ'' کیا ہے؟

(a) مشبہ ✓ (b) مشبہ بہ

(c) وجہ تشبیہ (d) حرفِ تشبیہ

-3 حضرت قمر کی بیوی کا نام کیا تھا؟

(a) رضیہ (b) سکینہ ✓

(c) ہاجرہ (d) سلمٰی

-4 تشبیہ ہے:

(a) میرا بیٹا آ گیا (b) میرا شیر آ گیا

(c) میرا چاند سا بیٹا ✓ (d) میرا ہیرا

-5 اچھن کس کا انتظار کر رہی تھی؟

(a) باپ ✓ (b) بھائی

(c) ماں (d) دوست

6- "میرا چاند آیا" ہے:

(a) تشبیہ (b) تلمیح

(c) استعارہ ✓ (d) مشبہ

7- "کیا واقعی دنیا گول ہے؟" کے مصنف کا نام ہے:

(a) پطرس بخاری (b) مشتاق احمد یوسفی

(c) غلام عباس (d) ابنِ انشا ✓

8- نوجوان کو حادثہ کس سڑک پر جاتے ہوئے پیش آیا؟

(a) ڈیوس روڈ پر (b) لارنس روڈ پر

(c) مال روڈ پر ✓ (d) میکلوڈ روڈ پر

9- "تلمیح" کے لفظی معنی ہیں:

(a) اشارہ کرنا ✓ (b) ادھار دینا

(c) ہم شکل (d) مانند قرار دینا

10- قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کُل کتنی کتب تھیں؟

(a) ایک لاکھ (b) ایک لاکھ سے زائد

(c) دو لاکھ سے زائد ✓ (d) تین لاکھ

11- وزیرِاعظم نے حلف اٹھا۔۔۔۔۔:

(a) لی (b) لیا ✓

(c) لیے (d) لیں

12- ردیف ہمیشہ آتی ہے:

(a) ابتدا میں (b) درمیان میں

(c) آخر پہ ✓ (d) آخر سے پہلے

13- اس لفظ ـــــــ املا درست نہیں:

(a) کی (b) کے

(c) کا ✓ (d) کو

14- ''مقطع'' کس زبان کا لفظ ہے:

(a) اُردو (b) فارسی

(c) عربی ✓ (d) ہندی

15- دس روپے ـــــــ دہی لاؤ:

(a) کا ✓ (b) کی

(c) کے (d) کو

16- ''مطلع'' کے لفظی معنی ہیں:

(a) کاٹنا (b) ہم معنی الفاظ

(c) طلوع ہونے کی جگہ ✓ (d) ردیف

17- غزل کے آخری شعر میں اگر تخلص استعمال نہ ہو تو اسے کہتے ہیں:

(a) مطلع (b) مقطع

(c) آخری شعر ✓ (d) ردیف

18- اخبار آ ـــــــ:

(a) گیا ہے ✓ (b) گئی ہے

(c) گئے ہیں (d) گئی ہیں

19- 'لایا' 'پایا' 'گایا' شعری اصطلاح کی رُو سے ہیں:

(a) ردیف (b) مطلع

(c) مقطع (d) قافیہ ✓

20- پیاز سندھ سے ـــــــ:

(a) آرہی ہے ✓ (b) آرہا ہے

(c) آرہے ہیں (d) آرہی ہیں